سوال

(767) جو عملیات کیے جاتے ہیں جنوں اور موکلوں کو قابو کرنے کے لیے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

۱) جو عملیات کیے جاتے ہیں جنوں اور موکلوں کو قابو کرنے کے لیے کیا یہ درست ہے ؟ مثلاً ایک بنیادی عمل جنوں کے لیے ہوتا ہے کہ نماز عشاء کے بعد آیۃ الکرسی پڑھی جاتی ہے اکیس دن تک گیارہ تسبیحات ہوتی ہیں اور ہر تسبیح میں ایک سوایک مرتبہ پڑھنی ہوتی ہے کیا آدمی ایسے عملیات یا یہ عمل کرنا چاہے تو شریعت اجازت دیتی ہے ؟

(۲) موکل کن کو کہا جاتا ہے ؟ (۳) کوئی عمل جو دین ودنیا کے لیے بہتر ہو اللہ کی محبت دل میں پیدا کرنے والا ہو تحریر کر دیں ؟ عتیق الرحمن ظفروال 23/2/98

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

(۱) یہ عمل کتاب وسنت میں سے مجھے معلوم نہیں۔

(۲) موکل ان فرشتوں یا جنوں کو کہا جاتا ہے جنہیں اللہ تعالیٰ نے کسی کام پر متعین کر رکھا ہو۔

(۳) صبح سو مرتبہ پڑھا کریں {لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْئٍ قَدِيْرٌ} 1[جو شخص ۱۰۰ مرتبہ صبح کے وقت یہ دعا پڑھے گا اسے ۱۰ غلام آزاد کرنے کے برابر ثواب ملے گا۔ ایک سو نیکیاں اس کے نام لکھی جائیں گی اور اس کے ۱۰۰ گناہ مٹا دیے جائیں گے اور ان الفاظ کی برکت سے اس دن شام تک وہ شیطان سے محفوظ رہے گا اور کوئی شخص اس سے افضل عمل لے کر نہیں آئے گا تاہم اگر کوئی شخص زیادہ دفعہ کہے۔ (تو وہ اس سے بہتر ہو سکتا ہے)] اور رات سوتے وقت آخری تینوں قل پڑھ کر اپنے آپ کو دم کریں 2 نیز سوتے وقت سبحان ا ۳۳ مرتبہ الحمد ۳۳ مرتبہ اور ا اکبر ۳۴ مرتبہ پڑھا کریں 3 اور نماز تہجد حتی الوسع نہ چھوڑیں ان شاء اللہ سبحانہ وتعالیٰ آپ اپنے تحریر کردہ مطلوب کو پائیں گے۔ ۸/۱۱/۱۴۱۸ھ

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد01ص494

محدث فتویٰ